© rasailojaraid.com

موقع پر حضرت عباس موجود ضرور تھے لیکن وہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے اور انھوں نے مدینہ کے لوگوں کو خطاب کر کے ایک دوسری تقریر کی تھی۔ اس کا مطالعہ نورِ ایمان میں اضافہ کا باعث ہوگا۔

اسلامی کتب خانوں کی سیر | از جناب حاجی محمد زبیر صاحب تقطیع خورد ضخامت ۸۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ ر پتہ برائے ہند محمد عزیز صاحب فرحت منزل بدر باغ علی گڑھ اور پاکستان میں محمد حسین صاحب زبیری نشیمن ۱/C ۔ ۲/۵/۱ ناظم آباد کراچی نمبر ۱۸

اسلام نے مسلمانوں میں جو علمی ذوق اور تحقیق واکتشاف کا شوق پیدا کیا تھا اس کا اثر یہ تھا کہ قرونِ وسطیٰ میں جب کہ یورپ جہالت ونادانی کا صیدِ زبوں تھا اسلامی مملکت میں شہر شہر لائبریریاں قائم تھیں اور تشنگانِ علم وفن اُن سے اپنی پیاس بجھاتے تھے لائق مؤلف نے جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ایک عرصہ سے اسسٹنٹ لائبریرین کے عہدہ پر کام کر رہے ہیں اس کتاب میں انھیں لائبریریوں کی داستان سنائی ہے جو زبان کی شیرینی اور لطافت کی وجہ سے خوابِ آور بھی ہے اور معلومات کی افراط وتنوع کے باعث سبق آموز وعبرت انگیز بھی۔ شروع میں کتابوں کی گراں قیمتی۔ مختلف کتب خانوں میں کتابوں کی تعداد کا اجمالی بیان اُن کے نظم ونسق وغیرہ پر گفتگو کرنے کے بعد بغداد ۔ قاہرہ ۔ شیراز ۔ طرابلس ۔ بخارا ۔ حلب مراغہ اور اندلس جو اسلامی تہذیب وتمدن کے خاص مراکز تھے اُن کے کتب خانوں کا تذکرہ مستند حوالوں کے ساتھ کیا گیا ہے ۔ امید ہے کہ اہلِ ذوق اس کی قدر کر کے لائق مصنف کی محنت کی داد دیں گے ۔

اسلامی عبادات اور اخلاقی تعلیمات | از سعید احمد اکبرآبادی تقطیع خورد ضخامت ۷۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ ر پتہ :۔ دفتر آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ ۔

یہ کتاب آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ کی فرمائش پر مسلم یونیورسٹی کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امتحان میٹریکولیشن کے نصاب دینیات کے لئے لکھی گئی تھی چنانچہ اُس کے نصاب میں شامل بھی ہے۔ اس میں عبادت کے مفہوم اور فقہ کی اصطلاح میں احکام کی تقسیم پر گفتگو کرنے کے بعد پہلے عبادات یعنی نماز۔ روزہ اور زکوٰۃ کے احکام و مسائل کا اور اُس کے بعد اسلامی اخلاق کا بیان ہے زبان اور انداز بیان ہائی سکول کے طلباء اور طالبات کی استعداد کے مطابق ہے۔ اگرچہ یہ نصاب کی کتاب ہے مگر عام مسلمان بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(۱) ہماری دنیا حصہ اول ضخامت ۹۶ صفحات قیمت ۹ر } مرتبہ جناب افضل حسین صاحب
(۲) ہماری دنیا حصہ دوم ضخامت ۱۲۸ صفحات قیمت ۱۲ر } ایم۔اے۔ ایل۔ ٹی تقطیع خورد

کتابت وطباعت بہتر ٹائیٹل پیج خوبصورت اور دیدہ زیب۔ پتہ :۔ مکتبۂ جماعت اسلامی (ہند) رام پور (یوپی) اسلامی جماعت (ہند) رام پور نے اسکول کے مضامین پر درسی کتابوں کا جو مفید سلسلہ شروع کر رکھا ہے یہ دونوں کتابیں اسی کی ایک کڑی ہیں ان کتابوں میں بچوں اور بچیوں کو چوتھے اور پانچویں درجہ کے نصاب کے مطابق نہایت سہل و آسان اور دل نشین زبان میں جغرافیہ کے مبادیات کی تعلیم اس طرح دی گئی ہے کہ اُس سے خاص موضوع کے علاوہ بچوں کے دلوں میں خالق کائنات کی عظمت۔ انسانیت کی محبت اور وطن کی قدر بھی پیدا ہو جاتی ہے شروع میں جغرافیہ کی تعلیم سے متعلق اساتذہ کو ہدایات بھی دی گئی ہیں۔ کم از کم اسلامی مدارس اور اسکولوں کو ان کتابوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیئے۔

آسان ریاضی حصہ پنجم | از جناب شوکت علی صاحب بی۔اے۔ ایل۔ ٹی تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ :۔ مکتبۂ جماعت اسلامی (ہند) رام پور، یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے اس میں اسکولوں کی پانچویں جماعت کے لئے حساب اور علم ہندسہ کے اسباق نہایت سلیس اور آسان زبان میں جدید طریقۂ تعلیم کے مطابق دیئے گئے ہیں یہ واقعہ ہے کہ اگر کوئی ڈھنگ کا معلم لائق مؤلف کی ہدایات کی روشنی میں اس کتاب کو پڑھائے تو ریاضی جیسے خشک مضمون سے بھی بچہ کو مناسبت اور دلچسپی پیدا

© rasailojaraid.com